[Khawab Nama 2012 In Urdu Free Download]

آسمان

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو پہلے آسمان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اِس کی موت نزدیک آئی ہے اور اگر دُوسرے آسمان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ علم و دانش حاصل کرے گا' اور اگر تیسرے آسمان میں دیکھے تو دلیل ہے کہ دُنیا میں عزت اور اقبال پائے گا' اور اگر چوتھے آسمان میں اپنے آپ کو دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا دوست اور مقرب ہو گا' اور اگر اپنے آپ کو پانچویں آسمان پر دیکھے تو دلیل ہے کہ ہیبت [۱۰۹] اور ترس [۱۱۰] اور خوف پائے گا۔ اگر اپنے آپ کو چھٹے آسمان پر دیکھے تو دلیل ہے کہ بخت [۱۱۱] اور دولت اور نیکی پائے گا اور اگر اپنے آپ کو پہلے آسمان پر دیکھے اور دروازہ بند پائے تو دلیل ہے کہ اُس کے کام کسی بزرگ مرد کی وجہ سے بستہ [۱۱۲] ہو جائیں گے اور اگر دیکھے کہ آسمان پر نگاہ نہیں کر سکا ہے اور سر نیچے ڈالا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ بزرگ مرد کے دیدار سے علیحدہ ہو گا۔ اگر دیکھے کہ فرشتے آسمان سے اُتر کر اُس کے پاس سے گزرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اُس پر علم و حکمت کے دروازے کھل جائیں گے۔

حضرت ابن سیرین رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اپنے آپ کو آسمان پر دیکھے تو دلیل ہے کہ سفر کرے گا اور اس میں دُنیا کی عزت حاصل ہو گی اور اگر دیکھے کہ آسمان کی فضا میں اڑتا ہے [۱۱۳] ہے تو دلیل ہے کہ نعمت اور برکت کے ساتھ سفر کرے گا اور اگر دیکھے کہ سیدھا اُڑتا جاتا ہے تاکہ آسمان پر پہنچے تو دلیل ہے کہ نقصان اور رنج دیکھے گا۔

اگر دیکھے کہ آسمان پر اس نیت سے گیا ہے کہ پھر زمین پر نہ آئے گا تو دلیل ہے کہ بزرگی اور بادشاہی پائے گا' اور بڑا کام کرے گا اور اگر دیکھے کہ آسمان سے بانگ اور آواز سنتا ہے تو خیر اور سلامتی کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ آسمان سے کوئی پرندہ اُس کے ساتھ بات کرتا ہے تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ خوش و خرم [۱۱۴] رہے گا۔

حضرت کرمانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر خواب میں دیکھے کہ وہ آسمان پر عمارت بناتا ہے جیسے زمین پر بناتے ہیں تو دلیل ہے کہ اُس کی موت قریب ہے اور اگر دیکھے کہ دُنیا کی بنیاد کی طرح اینٹ اور مٹی اور گچ اور اینٹوں سے آسمان پر عمارت بناتا ہے تو دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا دُنیا میں مغرور ہو گا اور اگر دیکھے کہ آسمان سے بارش کی طرح شہد برستا ہے تو دلیل ہے کہ لوگوں کو خیر و نعمت [۱۱۵] اور غنیمت حاصل ہو گی اور اگر دیکھے کہ آسمان سے ریت یا خاک برستی ہے۔ اگر تھوڑی برسی ہے تو نیکی ہے اگر بہت برسی ہے تو بری ہے۔

[Khawab Nama 2012 In Urdu Free Download]

DOWNLOAD

4ba26513c0